# قطعاتِ تاریخِ وفات

رحلتِ سحابِ عطا' سید عطاء المحسن بخاری رحمۃ اللہ علیہ

جناب شمیم صبائی متھراوی

۱۹۹۹ء

چھوڑ کر گلشن دنیا کے نظارے سارے
قصرِ جنت کے مکیں اب ہیں عطا المحسن
اے شمیم اُن کے لیے سالِ فنا لکھ دینا
''واقفِ خلدِ بریں اب ہیں عطا المحسن''

۱۴۲۰ھ

مجلس احرار اسلام کے مرکزی امیر، ممتاز عالم دین، بلند پایہ خطیب، کالم نگار، شاعر، صحافی اور شہرۂ آفاق خطیب امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کے فرزند ثانی مولانا سید عطاء المحسن بخاریؒ نے ۱۲؍نومبر ۱۹۹۹ء مطابق ۳؍شعبان المعظم ۱۴۲۰ھ بروز جمعہ بعمر ۶۳ سال' نشتر ہسپتال ملتان میں انتقال فرمایا۔ مرحوم کو ہفتہ کے دن' ان کے والد کے پہلو میں 'قبرستان جلال باقری ملتان میں سپرد خاک کیا گیا۔ (بشکریہ: ماہنامہ ''قومی زبان'' کراچی' مئی ۲۰۰۲ء)

---

ثاقب چوہان

جو تھا ہمارے دلوں کی دھڑکن چلا گیا وہ
عظیم حق گو، عظیم مؤمن، چلا گیا وہ
عظیم قائد، عظیم رہبر، چلا گیا وہ
سنا ہے یہ کہ عظیم محسن، چلا گیا وہ

۱۴۲۰ھ